# اورادِ سعادتِ دارین

یعنی

آیات قرآنیہ واسمائے حسنیٰ میں

آپ کی پریشانیوں کا حل

"مرتب"

مولانا عبدالرحیم صاحب فلاحی دامت برکاتہم

استاذ حدیث وتفسیر جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

"ناشر"

مکتبہ السلام جامعہ اکل کوا

رابطہ: 9423494010

## "تفصیلات"


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | **اورادِ سعادتِ دارین** |
| مرتب | : | مولانا عبدالرحیم صاحب فلاحی دامت برکاتہم |
| تصحیح واہتمام | : | قاری حسین احمد قاسمی معروفی استاذ جامعہ اکل کوا |
| صفحات | : | 128 |
| تعداد اشاعت | : | |
| قیمت | : | .................................... |
| کمپیوٹر کتابت | : | حسین احمد قاسمی معروفی (مئو، یوپی) جامعہ اکل کوا |
| اشاعت باراول | : | رجب المرجب ۱۴۳۷ھ مئی ۲۰۱۶ء |
| ناشر | : | **مکتبہ السلام** جامعہ اکل کوا |

## ......فہرس......

1

2

## To Recover The Missing

### سورۂ فاتحہ (مکمل)

اگر کوئی غائب ہوجائے تو اس کی بازیابی کے لیے
فجر کی سنت اور فرض کے مابین ۱۱/ بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اور
اللہ تعالیٰ سے دعا کریں یہ عمل ۴۱/ دن تک جاری رکھیں،
ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

If anyone goes missing then recite surah al Fatihah 11 times between the sunnah and fard salah of fajr and pray to Allah. Do this for 41 days. Insha Allah, you will succeed.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To Remove The Jinn

سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات

اگر کسی مکان میں یا کسی انسان پر جنات وغیرہ کا اثر ہو تو
سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات
پڑھ کر دم کر کے چھڑکنے سے جنات چلے جائیں گے۔ ان شاءاللہ

If the jinn(s) haunt a house or a person or there is a doubt of it, then recite Surah-e-Fatihah,Aayat ul kursi, the initial 5 verses of surah-e-Jinn, blow on water and sprinkle. Insha Allah, the Jinns will go away.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾ برائی میں مبتلا کو راہِ راست پر لانے کے لیے ﴿

## To Guide The Wavering

اُولٰئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ
وَاُولٰئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (سورۂ بقرہ، آیت:۵ / پ۱)

جو شخص برے راستے پر چل پڑے بری صحبتوں میں مبتلا ہو تو یہ آیت ۱۰۱ / بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور یہ عمل ۴۱ / روز تک جاری رکھیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

If anyone goes astary and falls into bad company, then recite this verse 101 times every day for 41day, blow on water and give it to him to drink. Insha Allah, he will reform.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

4

## Security From Noxious Animals or Enemies

صم بکم عمی فھم لایرجعون (سورۂ بقرہ، آیت:۱۸/پ۱)

یہ آیت سات بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلیں

ان شاء اللہ موذی جانور یا دشمن کا خوف دور ہو جائے گا۔

As a security measure, recite this verse seven times and blow on your chest. Insha Allah, you will be safe from noxious animals and from enemies.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## When A Poisonous Creature Stings

**واذا بطشتم بطشتم جبارين**

(سورہ شعراء، آیت: ۱۳۰/پ ۱۵)

جس کسی کو زہریلا جانور کاٹ لے اس مقام کے گرد انگلی گھماتے ہوئے یہ آیت ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ان شاءاللہ شفا حاصل ہوگی۔

Move a finger around the place where the creature has stung, reciting this verse in one breath seven times. Blow, Insha Allah, you will be cured.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Bad Sores Ulcer on the Bod

**مسلّمة لاشية فيها** (سورۂ بقرہ، آیت:۷۱/پ۱)

اگر کسی کے جسم پر داغ دھبہ یا ناسور ہو تو یہ آیت ۴۱/ بار پڑھ کر دوا پر دم کر کے استعمال کرے انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

If this verse is recited 41 times and blowa on the medicine before it is applied to the open sores of the body then they will be cured, Insha Allahm.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## For Stone in Kidney or Gall Bladder

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ.

(سورۂ بقرہ، آیت: ۷۴/ پ ۱)

گردے اور پتے کی پتھری کے لیے یہ آیت ۴۱/ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر روز پلائیں ان شاء اللہ تکلیف رفع ہوگی۔

Recite this verse 41 times daily, blow on water ans let the patient drink it. Insha Allah, he will find reiief.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Displaced Navel Muscle

**ذلک تخفیف من ربک ورحمته**

(سورۂ بقرہ، آیت:۱۷۸/پ۲)

اگر ناف ہٹ (ٹل) جائے تو یہ آیت لکھ کر ناف پر باندھ لینے سے انشاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔

Write down this verse on a piece of paper and tie it on the navel. Insha Allah, the complaint will be removed.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یارب صل وسلم دائما ابدا

علی حبیبك خیر الخلق کلهم

## Locating Lost property

**ربنا انک جامع الناس لیوم لاریب فیه**

**ان الله لا یخلف المیعاد**

(سورۃ آل عمران، آیت: ۹ / پ ۳)

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو یہ دعا پڑھتے رہیں جلد وہ چیز مل جائے گی۔ ان شاء اللہ

Recite this supplication frequently in a state of ablution. Insha allah, you will get back your lost property soon.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Repay Debts

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ
وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ
تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

(سورۂ آل عمران، آیت:۲۶/پ۳)

اگر کسی پر قرض ہو تو صبح و شام ۷،۷/ بار یہ آیت
پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ قرض سے خلاصی نصیب ہوگی۔

The debtor must recit this eves seven
times each in the morning and evening.
Insha Allah, he will be relieved of the
debt.☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ……شادی اور کاروبار کے لیے……

## For Marriage & Business

هُدَی اللّٰهِ لا اَنْ یُّؤْتٰٓی اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِیْتُمْ اَوْ یُحَآجُّوْکُمْ عِنْدَ رَبِّکُمْ ط قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ج یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ. (سورۂ آل عمران آیت:۷۳،۷۴/پ۳)

اگر کسی نے کہیں پیغام نکاح بھیجا ہو تو یہ آیت کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھ لے، ان شاء اللہ پیغام منظور ہوگا اور اگر کوئی بے کار آدمی لکھ کر باندھے تو باکار ہو جائے گا۔

He who hes proposed marriage to someone, must write this verse on a piece of paper and tie it to his arm. Insha Allah, his proposal will be

accepted. A businessman may also tie it to his forearm to succeed in business.

## For Anyone Facing Hardship

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

(سورۂ آل عمران، آیت:۱۷۳/پ)

مصیبت میں مبتلا شخص یہ آیت پڑھا کرے ان شاء اللہ مصیبت وبلا رفع ہوگی۔

He most recite this verse regularly. Insha Allah, hardship and affliction will disappear.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## For Blood Pressure

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (سورۂ آل عمران آیت:۱۳۴رپ۴)

جو شخص بلڈ پریشر کا مریض ہو تو اس آیت کو ہر روز ۱۰۱ ر مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

If the patient recites this vers 101 times every day then, Insha Allah, he will be cured of blood pressure.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾......اولاد سے نا امید حضرات کے لیے......﴿

## For Childless Couples

وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (مائدہ، آیت: ۱۷/پ۶)

جو حضرات اولاد کی پیدائش سے ناامید ہو جائیں یہ آیت ۴۱/دن تک روزانہ ۳۰۰/بار پڑھ کر کسی شیریں چیز پر دم کرلیں اور میاں بیوی دونوں آدھا آدھا کھالیں تو ضرور امید بر آئے گی۔ ان شاء اللہ

Such a couple must recite this verse 300 times every day for 41 days blow on som sweet eatable and sach spouse must eat an egual (half) portion of it. Insha Allah, the wife will conceive.

## ……ظالم کو ظلم سے روکنے کے لیے……

## Restraining The Oppressor

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (سورۂ انعام، آیت ۴۵ / پ ۷)

ظالم کا ظلم جب ناقابل برداشت ہو جائے تو یہ آیت ۲۱ / بار پڑھیں عمل کی مدت تین دن ہے ان شاء اللہ ظلم مٹ جائے گا اگر کسی پر ظلم نہ ہوا ہو تو ہرگز یہ عمل نہ کرے۔

When the oppressor'so oppression is unbearable recite this verse 21 times for three days. Insha Allah, he will stop oppressing. But, if one is not oppressed then he must not indulge in this practice otherwise he might suffer (the reverse)

## To Prevent Illicit Relations

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

(سورۂ مائدہ، آیت ۱۰۰ / پ ۷)

ناجائز تعلق میں مبتلا شخص (مرد/عورت) کو یہ آیت ۱۱/ روز تک ۱۴۱/ بار پڑھ کر کھانے کی کسی چیز پر دم کرکے کھلائیں، ان شاء اللہ بہت مفید ہوگا۔

If one of the spouses is involved in a illicit relationship then the other must recite this verse 141times verey day for eleven days and blow on an eatable and feed the efaulting Partner. Insha Allah, it will be effective.

## To Possess A Personal Residence

**ولقد مکنکم فی الارض وجعلنا لکم فیهامعایش قلیلاما تشکرون** (سورۂ اعراف، آیت:۱۰/پ۸)

جس کے پاس ذاتی مکان نہ ہو یا تنگیٔ رزق ہو وہ یہ آیت ۱۵۱ بار ہر روز پڑھتا رہے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

He who has no house of his own and face stringent circumstances, mey recite this verse 151 times every day. Insha Allah, he will get his wish.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ……تجارت میں نفع وترقی کے لیے……

## Business Prosperit

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃ،یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْن، وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّافِی التَّوْرٰۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰن،وَمَنْ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ ط وَذٰلِکَ ھُوَالْفَوْزُالْعَظِیْمُ. (سورۂ توبہ آیت:۱۱۱/پ۱۱)

اس آیت کو مال تجارت میں رکھیں تو تجارت میں ترقی اور بہتری ہوگی۔ان شاءاللہ

If this verse is placed in trade merchandise, there will be progress and profit in business, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## امتحان میں کامیابی کے لیے

فان حسبک الله هو الذی ایدک بنصره

وبالمؤ منین (سورۃ الانفال، آیت:٦٢ پ١٠)

اگر کوئی شخص امتحان یا کسی بھی کام کے لیے جانے سے پہلے یہ آیت سات مرتبہ پڑھ لے تو انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

If anyone recites this verse 7 times before going for his exam or any other work then Insha Allh, he will be succeed.

## ......اگر لڑکی کی خواہش ہو......

## To Have A Female Child

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَاتَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَاتَزْدَادُ کُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَار (سورۂ رعد، آیت ۸۰/پ ۱۳)

اگر لڑکی کی پیدائش کی خواہش ہوتو استقرارِ حمل کے بعد پانچ ماہ تک عورت یہ آیت ۲۱/ بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے ان شاءاللہ خواہش ضرور پوری ہوگی۔

Let the woman recite this verse 21 times evere day for five month from the time she conceives and blow on herself. Insha Allah, she will have a daughter.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# For Pain in Liver

اَلَّذِیْنَ آمَنُوْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ

اَلابِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (سورۂ رعد، آیت: ۲۸/پ ۱۳)

اگر کسی شخص کو جگر کی تکلیف ہو تو یہ آیت ۴۱/ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے ان شاء اللہ بیماری جاتی رہے گی۔

A patient will be relieved of pain in liver if he recites this verse 41 times blows on watr and drinks it Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To Set Anxiety of The Heart at Rest

الَّذِیْنَ آمَنُوْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (سورۂ رعد، آیت:۲۸/پ۱۳)

جس شخص کے دل میں گھبراہٹ ہو تو یہ آیت ۳/ مرتبہ پڑھے اور سینے پر دم کرے انشاءاللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

One who suffers from anxiety of the herat may recite this verse thrice and blow over his chest. Insh Allah, he will find much comfort.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To Avert Abortion or Miscarriage

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَاتَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ، كُلُّ شَيءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارُ (سورۂ رعد: آیت ۸۰/پ ۱۳)

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو استقرارِ حمل سے نو ماہ تک یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

If a woman is pronc to miscarry or abort pregnancy then she must recite this verse on conception throughout day and blow yher pregnancy, every on water which she must drink. Insha Allah, she will deliver a sound, healthy child.

## To Promote Family Unity

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ (سورۂ حجر، آیت:۴۷، پ۱۴)

اگر کسی گھر یا خاندان میں نا اتفاقی ہو تو یہ آیت ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار پڑھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں کامیابی تک یہ عمل جاری رکھیں۔

If a family experiences discord, recite this verse eleven times after evere fard salah, look towards the sky and blow, Continue to do it till success is achieved.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Control Suger Count in System

رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطَانًا نَّصِیۡرًا

(سورۂ بنی اسرائیل آیت:۸۰رپ۱۵)

جس شخص کو ذیابیطس (شوگر) ہوتو روزانہ یہ آیت ۴۱رمرتبہ پڑھنے سے ضرور فائدہ ہوگا۔

A diabetic may recite this verse 41 times every day. Insha Allah. he will recover.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# Relief from Pain of every kind

وبالحق انزلنٰه وبالحق نزل

وما ارسلنک الامبشرا ونذیرا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت ۱۰۵/پ ۱۵)

درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت ۳/ بار پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ درد جلد ختم ہو جائے گا ہر قسم کے درد کے لیے مفید ہے۔

Whatever kind of pain, place your hand there and recit this evrse three times. Insha Allah, yuo will get relief.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Favourable Verdict in A Legal Suit

قل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

(سورۂ بنی اسرائیل:۸۱/پ۱۵)

جس کسی کا مقدمہ ہو اور وہ حق پر ہو آیت ہر روز کسی نماز کے بعد ۱۳۳ / بار پڑھتا رہے انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

If anyone is engaged in a legal battle and is on the right side then he must recite this verse 133 times after any salah regularly. Insha Allah, he will succeed.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Curing Indigestion

**وبالحق انزلنٰہ وبالحق نزل**

**وما ارسلنک الا مبشرا ونذیرا**

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت:۱۰۵/پ۱۵)

کھانا کھانے کے بعد یہ آیت سات بار پڑھ کر نمک پر دم کرلیں اور کھالیں انشاءاللہ بدہضمی سے افاقہ ہوگا۔

To remove indigestion, this verse must be recited 7 times after meals and blown on salt before eating it.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# lmproved knowledge

رب اشرح لی صدری ویسرلی امری
واحلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی

(سورۂ طٰہٰ، آیت: ۲۵ تا ۲۸ / پ ۱۶)

اگر علم میں ترقی اور وسعت ذہنی مطلوب ہو تو یہ آیت نماز فجر کے بعد ۲۱ / بار پڑھیں ترقی علم نصیب ہوگی۔

If anyone recites verse 21times after the salah of fajr then will progress in learning and have and enlarged wisdom.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To cure Stammering

**رب اشرح لی صدری ویسرلی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی**

(سورۂ طٰہٰ، آیت: ۲۵ تا ۲۸ / پ ۱۶)

یہ آیات روزانہ تین بار پڑھتے رہیں لکنتِ زبان جاتی رہے گی اور زبان صاف ہو جائے گی۔ انشاءاللہ

If tish verse is recited thirce every day then the knot on his tongue will be untied and he will not stammer, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴿...... جادو کا اثر زائل کرنے کے لیے...... ﴾

## To Ward Off Effects of A Spell

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی وَاَلْقِ مَافِیْ یَمِیْنِکَ تَلْقَفْ مَاصَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَّلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی (سورۂ طٰہٰ، آیت: ۶۸، ۶۹ / پ ۱۶)

جس شخص کو جادو کی علامات محسوس ہوں یا شبہ ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے تو ان آیات کو ۱۰۰/ بار پڑھ کر پھونکا جائے عمل کی مدت ۱۱/ روز ہے ان شاء اللہ جادو کا اثر زائل ہو گا۔

If anyone feels the effects of a magic spell or suspects it, then these verses may be recited 100 times every day for eleven days and blown. Insha Allah, the effects of the spell will wear of f. ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Radiance from Obstinacy and rage

یٰنَارُ کُونِی بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ

(سورۂ انبیاء، آیت ۶۹ / پ ۱۷)

یہ آیت ہر روز پڑھتے رہنے سے غصہ وضد ختم ہو جائے گا نیز تیز بخارہ ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کریں بخار جاتا رہے گا۔ ان شاء اللہ

Reciting this evrse daily with regularity ramoves stubbornness and anger. If it is recited 7 times during high fever, then the fever will subside, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## When Disease is Incurable

**ربه انی مسنی الضر وانت ارحم الرحمین**

(سورۂ انبیاء، آیت:۸۳/پ۱۷)

لا علاج بیماری کے لیے مریض یہ آیت کثرت سے پڑھے ان شاء اللہ سکون ملے گا۔

Let the patient suffering from an incurable diseasse this verse frequently. Insha Allah, he will find peace.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......اگر بھوک نہ لگتی ہو یا کم لگتی ہو......

## Loss of Appetite

**ولولا فضل الله عليكم ورحمته وان الله تواب حكيم** (سورۂ نور، آیت: ۱۰/پ ۱۸)

جسے بھوک بالکل نہ لگتی ہو یہ آیت ۲۱/بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پی لے انشاءاللہ بیماری رفع ہوجائے گی۔

He who has lost appetite must recite this verse 21 times, blow on water and drink it. He will regain his appetite, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Rid Oneself of Distress

**لاالہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین**

(سورۂ انبیاء، آیت: ۸۷/پ ۱۷)

اگر کوئی کسی مصیبت میں گرفتار ہوتو یہ آیت پڑھتا رہے ان شاء اللہ فائدۂ عظیم حاصل ہوگا۔ اس آیت میں اسم اعظم مخفی ہے۔

He who is gripped in anxiety or distress may keep reciting it. Insha Allah, he will gain heavily. The great name of Allah is concealed in this verse.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# For A Radiant Heart and Countenance

**اللہ نورالسمٰوٰت والارض .....شيءٍ عليم**

(سورۂ نور، آیت:۳۵/پ۱۸)

یہ آیت ہر روز ایک بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرے اور سینے پر پھیرلیں انشاء اللہ چہرہ اور سینہ نورانی ہوجائے گا۔

To do that, recite this verse once vevry day, blow on your palms and rub them on your face nad chest.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Seek Life Partners For Children

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا (سورۂ فرقان، آیت:۵۴/پ۱۸)

اگر کسی کے لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو تو یہ آیت ۲۱/روز تک ۳۱۳/بار روزانہ پڑھے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

Parents may recite this verse 313 times daily for 21 days if a suitable match is not found for any of their children Insha Allah, they will find one.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ……ہر قسم جائز مراد کی تکمیل کے لیے……

## To Get Every Lawful Desire

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السو ء

(سورۂ نمل، آیت:۶۲/پ۲۰)

ہر روز نماز عشاء کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود کے ساتھ ۱۰۰ بار یہ آیت پڑھنے سے ہر قسم کی جائز مراد ان شاء اللہ پوری ہوگی عمل کی مدت چالیس دن ہے۔

Recited this verse every day after isha 100 times invoking blessing on the Prophet ﷺ(durud) eleven times before and after it. Insha Allah, every lawful desire will be fulfilled. Do it for 40 days.☆☆☆☆☆☆☆☆

3

## To Get Back The Absconder

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَادُّکَ اِلٰی مَعَادُ

(سورہ قصص، آیت:۸۵/پ۲۰)

بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لیے دو رکعت نفل پڑھ کر یہ آیت ۱۱۹/بار پڑھیں اور یہ عمل ۴۰/دن تک جاری رکھیں ان شاءاللہ بھاگا ہوا حاضر ہو جائے گا۔

Offer two raka'at optional salah and recite this verse 119 times for 40 days daily. Insha Allah, the fugitive will return.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## For An Enlarged Provision

**الله يبسط الرزق لمن يشاء من عباده و يقدر له ان الله بكل شئ عليم** (سورۂ عنکبوت، آیت:۶۲ / پ۲۰)

یہ آیت نماز فجر کے بعد ہر روز ۱۱ / بار پڑھنے سے رزق میں ان شاء اللہ کشادگی حاصل ہوگی۔

If this verse is recited 11 timies after the fajr salah, Insha Allah, provision will be enhanced.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**لاحول ولاقوة الابالله**

**لَامَلْجَاَ وَلامَنْجَاَ مِنَ اللهِ الااليه**

## To Instill Love Between The Spouses

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْآ اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ (سورۂ روم، آیت: ۲۱ / پ ۲۱)

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہوجائے باہم محبت نہ رہے تو یہ آیت ۹۹ / بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلائیں اور یہ عمل تین دن جاری رکھیں انشاءاللہ دونوں کے مابین محبت پیدا ہوجائے گی۔

If the spouses are at loggerheads, recite this verse 99 times for three days and blow on some sweet

eatable and feed it to both of them. they will reconcile and Insha Allah, love one another.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## For Earache/کان میں درد کا علاج

**کان لم یسمعھا کان فی اذنیه وقرا**
**فبشره بعذاب الیم** (سورۂ لقمان، آیت:۷/پ۲۱)

اگر کسی کے کان میں درد ہوتو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کرنے سے ان شاءاللہ شفایاب ہوگا۔

This verse may be recited 7 times and blown. Insha Allah, earache will be cured.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## On Stepping into Buiness

**للہ مافی السموت والارض ان اللہ ھو الغنی الحمید** (سورۃ لقمان، آیت:۲۶ رپ ۲۱)

اگر کوئی نیا کاروبار شروع کرنا چاہے یا کاروبار میں ترقی مقصود ہو تو یہ آیت ہر روز ۱۴۱ ر بار پڑھیں برکت ہوگی انشاءاللہ۔

If anyone sets up a new business venture or seeks to expand his running business, Let him recite this verse 141 timies every day. Insha Allahm, he will receive blessings.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾ خواب میں زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ﴿

## For A vision of The Prophet ﷺ

**ان الله وملئكته يصلون على النبى يا ايها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما**

(سورۂ احزاب، آیت:۵۶/پ۲۲)

جس کی تمنا ہو کہ خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہو تو سونے سے قبل یہ آیت ۷/بار پڑھ لے ان شاء اللہ زیارت نصیب ہو گی۔

He who longs to see the Prophet ﷺ in his dream must recite this verse seven times before retiring to bed. Inhsa Allah he will get the vision.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴿مقبولیت عامہ اور عزت بحال کرنے کے لیے﴾

## To Gain General Approval

فسبحن الذی بیدہ ملکوت کل شئ و الیہ ترجعون (سورۂ یاسین، آیت ۸۳/پ ۲۳)

اگر کسی کا مرتبہ و مقام لوگوں کی نظر میں نہ رہا ہو اور وہ شخص عزت بحال کرنا چاہے تو یہ آیت ہر روز گیارہ بار پڑھے اور اپنے پر پھونک لے ان شاء اللہ عزت بحال ہو جائے گی۔

If anyone falls in grace in the eyes of other people then let him recite this verse eleven times every day and blow over himself. Insha Allah, he will regain his station in their eyes.

# For Stomachache

**لا فيها غول ولا هم عنها ينزفون**

(سورۂ صافات، آیت: ۴۷/پ ۲۳)

یہ آیت ۵/ بار پڑھ کر دم کرنے سے ان شاء اللہ پیٹ کا درد ختم ہو جائے گا۔

If this verse is recited five times and blown (over the patient), Insha Allah, stomachache will be cured.

## To Prevent Infant Mortacy

وَنَجَّيْنَاهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ

(سورۂ صافات، آیت:۷۶/پ۲۳)

جس عورت کی اولاد پیدائش کے بعد مر جاتی ہو
زندہ نہ رہتی ہو وہ یہ آیت ہر روز صبح وشام ۱۱/بار پڑھتی رہے
ان شاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔

If a woman's children die in infancy, then let her recite this verse 11 times every morning ans evening.

# To Cure the Haunted or the Possessed

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

(سورۃ ص، آیت: ۳۴ / پ ۲۳)

آسیب زدہ کے بائیں کان میں اس آیت کو سات بار پڑھنے سے آسیب جل جائے گا۔ ان شاء اللہ

If this verse is recited 7 times in the left ear of this person, the evil spirit will leave him, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To Allevaiate Sorrow And Grief

**وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر با لعباد**

(سورہ مؤمن، آیت: ۴۴/ پ ۲۴)

یہ آیت ہر روز ۱۰۱/ بار پڑھتے رہیں انشاء اللہ تمام غم و رنج دور ہو جائیں گے۔

Kepp reciting this verse 101times every day. Insha Allah, you will be free of sorrow and grief.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# Cure of Dysentery

سورۂ دخان (مکمل پارہ ۲۵ر)

اگر کسی کو پیچش کی تکلیف ہو تو یہ سورت لکھ کر پینے سے پیچش ختم ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ

This surah may be written down and drunk in water. Insha Allah, the disease will be cured.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

الٰہی عَبۡدُكَ الۡعَاصِیۡ اَتَاكَ
مُقِرًّا بِالذُّنُوۡبِ وَقَدۡ دَعَاكَ

# For Weak Eyesight

**فکشفنا عنک غطاء ک فبصرک الیوم حدید**

(سورۃ ق، آیت:۲۲/پ۲۶)

اگر کسی کی بینائی کمزور ہو یا آنکھوں میں کوئی نقص ہوتو یہ آیت ہر نماز کے بعد ۳/بار پڑھ کر انگلی پر دم کریں اور آنکھوں پر لگائیں ان شاء اللہ بصارت میں اضافہ ہوگا۔

If anyone's eyesight is weak or eyes are painful then he must recite this verse three times after every salah, blow on his finger and rub it on his eyes.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......فرماں بردار اولاد کے لیے......

# Obedient Children

رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنْ (سورۂ احقاف، آیت:۱۵/پ۲۶)

اگر اولاد نافرمان وسرکش ہوتو اسے فرماں بردار بنانے کے لیے یہ آیت ہر روز تین بار پڑھیں، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

If anyone's children are disobedient, then this verse may be recited three times every day to reform them to obedience.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# When Medicine is Ineffective

**فدعا ربه انی مغلوب فانتصر** (سورۂ قمر، آیت: ۱۰/ پ ۲۷)

کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو جو ڈاکٹر کی سمجھ سے بالاتر ہو یا دوا کوئی اثر نہ کرتی ہو تو یہ آیت ۲۱/ دن تک روزانہ ۳۱۳/ بار پڑھ کر آسمان کی جانب پھونکیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، بفضلہٖ تعالیٰ مریض شفایاب ہو جائے گا۔

If a person suffers from an illne that does not respond to treatme then recite this verse 313 times dan for 21 days, blow towards the sky and water and let him drink it. By ill grace of Allah, he will be cure.

## Pain in Liver

## تبرک اسم ربک ذی الجلل و الاکرام

(سورۂ رحمٰن، آیت:۷۸/پ ۲۷)

اگر کسی کو جگر میں درد ہو تو یہ آیت ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ تمام امراضِ جگر کے لیے یہ وظیفہ یکساں مفید ہے۔

Recite this verse 21 times, blow on water and drink. Insha Allah, pain of liver will disappear. This invocation is beneficial for every disease of the liver.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Headache

**لا یصدعون عنها ولا ینزفون**

(سورۂ واقعہ، آیت ۱۹/ پ ۲۷)

اگر سر میں درد ہو تو یہ آیت ۳/ بار پڑھ کر سر پر دم کریں ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ

Recite this verse three times and blow on the head. Insha Allah, headache will be cured.

# For Toothache

**هو الذی انشا کم و جعل لکم السمع و الابصار و الافئده قلیلاما تشکرو ن.**

(سورۂ ملک، آیت:۲۳؍پ۲۹)

انگلی سے درد والے دانت یا داڑھ کو دبا کر اس آیت کو ۷؍بار پڑھے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

Place a finger on the painful tooth or grinder and press. Then recite this verse 7 times. Insha Allah, pain will vanish.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# Evil Eye

**وان یکادالذین کفروالیزلقونک بابصارھم لما سمعواالذکر ویقولون انه لمجنون وما ھوالا ذکر للعلمین** (سورۂ قلم، آیت:۵۱،۵۲/پ۲۸)

مندرجہ بالا آیت ۱۱/ بار پڑھ کر دم کرنے سے نظر بد کا اثر جاتا رہے گا چاہی کتنے ہی سخت نظر ہو۔

If this verse is recited 11 times and blown, the effects of the evil eve will wear off howsoever strong they be.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Have A Male Child

**وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا** (سورۂ نوح، آیت:۱۲/پ۲۹)

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہوں لڑکا نہ ہوتو استقرارِ حمل کے وقت سے نو ماہ تک اس آیت کو روزانہ ۱۱۱/ بار پڑھیں ان شاء اللہ اولادِ نرینہ ہوگی۔

If only daughters are born to a couple and they crave for a son, then they should recite this verse dailly 111 times for nine months from conception. Insha Allah, a male child will be born.☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## قیدخانہ سے باعزت رہائی اورآسیب کے دفعیہ کے لیے

## Honourable Release From lmprisonment

سورۂ جن، پارہ ۲۹ (مکمل)

اگرکوئی شخص قید سے باعزت رہائی چاہے تو یہ سورہ ہر روز پڑھ لیا کرے انشاءاللہ رہائی نصیب ہوگی اور اگر کسی کو آسیب ہو تو یہ سورت سات بار ہر روز پڑھنے سے آسیب دفع ہوجائے گا۔

If a prisoner recites this surah every day then he will earn an honourable release, Insha Allah. If anyone possessed byan evil spirit recites it 7 times daily then. Insha Allah, he will get riddance from it.

Cure of Wat Dream

سورۂ معارج (مکمل پارہ ۲۹ / )

یہ سورت سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خوابوں سے حفاظت ہوگی۔ ان شاءاللہ

This surah may be recited while going to bed. Insha Allah, the recited will be preserved from nocturnal wet dreams.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To wean A Child

سورۂ بروج (مکمل پارہ ۳۰ر)

جس بچے کو دودھ چھڑوانا چاہیں تو یہ سورت لکھ کر اس کے باندھ دیں، ان شاءاللہ بچہ بآسانی دودھ چھوڑ دے گا۔

Write down this surah and make the child wear it. Insha Allah, it will be weand.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Recover Stolen Property

سورۂ طارق، پارہ:۳۰ر(مکمل)

چوری کا مال جس دروازے سے گم ہوگیا ہے ہر روز اس دروازے پر ایک مرتبہ سورۂ طارق پڑھا کریں ان شاءاللہ مال واپس مل جائے گا یا بذریعہ خواب چور کا علم ہو جائے گا۔

Recite surah al-Tariq once at the door from which property was stolen. Insha Allah, it will be recovered or the thief will be disclosed in a dream.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Pustule & Blisterson Face/Body

### سورۂ والضحیٰ پارہ:۳۰ (مکمل)

جس کسی کے بدن پر پھنسیاں ہو جائیں یا منہ میں چھالے پڑ جائیں تو ۴۱/ بار یہ سورت پڑھیں اور چینی پر دم کر کے کھالیں انشاءاللہ یہ مرض دور ہو جائے گا۔

If this surah is recited 41 times and blown on sugar before eating it then, Insha Allah, pustules and blisters disappear from the face and body.

# Cure For Piles

سورۂ الم نشرح اور سورۂ فیل پارہ: ۳۰ (مکمل)

اگر کوئی شخص بواسیر کی تکلیف میں مبتلا ہو تو فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ فیل پڑھا کرے تکلیف دور ہو جائے گے انشاء اللہ۔

It anyone suffers from piles, then he must recite the surah alam nashrah in the first rakah of sunnah salah of fajr and al-feel in the second rakah. Insha Allah, he will be cured.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# Nightmares

## سورۂ الم نشرح (مکمل/پ۳۰)

سونے سے پہلے یہ سورت نو مرتبہ پڑھ لینے سے خواب میں برے خیالات و وسوسے نہیں آئیں گے ان شاء اللہ۔

Recite this surah 9 times before going to bed, you will not get evil and frightening dreamds, Insha Allah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# To Strengthen The Stomach

سورۂ قدر پارہ ۳۰ (مکمل)

اگر معدہ میں ضعف وکمزوری ہوگئی ہوتو یہ سورت ۱۱ ربار پڑھ کر پانی پر دم کرکے دن میں تین بار مریض کو پلائیں اور سات دن تک یہ عمل جاری رکھیں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

If the stomach becomes weak, recite this surah 11 times, blow on water and et the patient drink it three times every day. Do it for seven days.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## To Protect The Eyesight

سورۂ قدر (مکمل/ پ۳۰)

وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر ایک
مرتبہ یہ سورہ پڑھتے رہنے سے آنکھوں کی بینائی میں کبھی کمی
نہ ہوگی انشاءاللہ۔

If anyone recites this surah once after making ablution and looks at the sky, his eyesight will never weaken. Insha Allah.

## Remedy For Jaundice

سورۂ بینہ (مکمل پارہ ۳۰)

اگر کسی کو یرقان یا ورم کی بیماری ہو تو یہ سورت لکھ کر باندھنا اور پینا ان شاء اللہ یرقان اور ورم کے لیے مفید ہوگا۔

If anyone suffers from jaundice or swelling, he must write this surah and wear the paper on which it is written and he must drink it too. Insha Allah, he will be cured.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿دل کی گھبراہٹ اور پریشانی دور کرنے کا مجرب نسخہ﴾

اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب (سورہ رعد آیت ۲۸)

اگر آپ کو دل کی گھبراہٹ اور بیماری دور کرنی ہو تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار پانی پر دم کر کے پی لیں!

How to remove heart beating

If you feel heart beating problem or any other dangerous illness, so read the above 41 times, and breathe over water then drink.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......اولاد کے رشتہ کے لئے مجرب عمل......

اگر آپ کو اپنی اولاد کا رشتہ نہیں ملتا تو اٹھتے بیٹھتے مذکورہ آیت کا ورد جاری رکھیں۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ.

For marriage relation The above is useful for marriage relations, too.

## ......قرض کی ادائیگی کے لیے اہم دعا......

اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک
واغننی بفضلک عمن سواک۔

ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ یہ دعا پڑھ لے۔

For dept:After every Farz Namaz, seven times this duwa should be read.

## ﴾.....میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا نسخہ.....﴿

وَمِنْ آيَاتِهِ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (سورہ روم آیت ۲۱)

اگر آپ کو اپنی بیوی سے اختلاف ہے آپس میں محبت نہیں ہے تو اس آیت کو (۹۹) دفعہ کسی مٹھائی پر تین (۳) دن پڑھ کر دم کریں اور دونوں کھائیں۔

To create pure love between husband and wife read above verse 99 times for three days and on some kinds of sweet. So both should eat the sweets, which are blowed over.

## ……امتحان وغیرہ میں کامیابی کیلئے مجرب عمل……

فَاِنَّ حَسْبَکَ اللّٰہُ،ھُوَالَّذِیْ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْ مِنِیْنَ (سورہ انفال آیت ۶۲)

فتح اور کامیابی کیلئے، یا امتحان میں آسان پرچوں کے لیے جانے سے پہلے سات (۷) دفعہ یہ آیت پڑھیں۔

For success in exam If you want to take exam and feel nervers, So read this verse, Allah will ease your exam paper and give success by the above verse reading 7 times.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾......طالب اولاد کیلئے مجرب عمل......﴿

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَابَيْنَهُمَا، يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورہ مائدہ آیت ۱۷)

اگر آپ اولاد سے محروم ہیں تو یہ آیت (۴۱) دن تک روزانہ تین سو دفعہ کسی میٹھی چیز پر دم کرکے آدھی خاوند اور آدھی بیوی کھائے۔

For those who want children If you want the child, beg Allah, and do this Amal, read above verse for 41days300 times, blow over sweets, and eat both.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......غصہ اور ضد ختم کرنے کیلئے نہایت مفید عمل......

يٰنَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيمَ (سورہ انبیاء آیت ۶۹)

بخار کی تیزی ختم کرنے کیلئے یہ دعا بار بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور اور غصہ اور ضد کو ختم کرنے کیلئے بھی اس دعاء کا استعمال مفید ہے۔

For rage and wrath This verse should be read and blowed over the patient of fever and it is also useful for rage to be removed.

## ﴾.......حل مشکلات کا نبوی نسخہ.......﴿

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مشکل میں یہ دعا فرماتے ''اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَھْلًا وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ'' (ابن حبان جلد ۳)

Prophefic way to solve problemHazrat Anas bin Malik narrates that our prophet mohammad (P.B.O.H) said this Duwa in the sevier situations.

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔ (پ۱۹، سورۂ فرقان)

۲۱ روز تک ۵۰۰/مرتبہ پڑھے۔

(1)For a disobedient wife,children and servents : One should read this duwa for 21days 500 times a day. (Furqan:19)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

For the Solution to every problem:

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡل

جب کوئی کسی بڑی مصیبت اور مشکل میں مبتلا ہو جایا کرے تو یہ پڑھا کرے۔

This should be read on the occasion of any big problem. (AL Imran:4)
You must read those holy words when you face any kind of prolems.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾دشمن اورشرور وفتن سے حفاظت کے لیے﴿

**اللھم انا نجعلک فی نحورھم**

**و نعوذبک من شرورھم۔**

روزانہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ یہ دعا سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

For safety from the enemy and others: One should read this duwa seven times every day. At first and last he should read Drood sharif. Allah would safe him frome all the miseries, inshallah.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴾......نظرِ بد لگ جائے تو یہ دعا پڑھے......﴿

**بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اذْھَبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا**

جس کو نظرِ بد لگ جائے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مبارک سے جھاڑے پھر اس کے بعد کہے: قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ۔ (حصن حصین: ۲۳۱)

If any one Casted by malignant look:If Any one is casted by a malignant look he should read duwa and exorase.

## ﴾...... بری موت سے حفاظت ......﴿

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صدقہ اللہ تعالی کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے اور انسان کو بُری موت سے محفوظ رکھتا ہے۔(ترمذی)

Safetiy of bad kind of death:Our prophet (pbuh) said: Poor dues cool the wrath of Allah and save the man from bad demise.(Tirmizi)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......سورۂ فاتحہ سے ہر مرض کا علاج......

رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ ہر مرض کی دوا ہے۔(سنن دارمی)علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ اگر جسم میں کہیں درد ہو تو درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے ان شاءاللہ آرام ملے گا۔(طب نبوی)

Fazilat of sura-e-Fatiha:Our prophet said: Sura-e-Fatiha is the remidy of all kinds of illness.(Sunan Darmi)Allama Ibne Qayyim(RA)Says: If any one feels pain in any part of the body, he should read Sura-e-Fatiha 7, times and put his finger on the place of roblems and pains and he will feel relief soon Alllah Willing(Tebbe Nabvi)

إنَّ اللّٰـهَ وَمَـلٰئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِى يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْ عَلَيْهِ وسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً۔(سورۂ احزاب)

جس کو نیند نہ آتی ہو وہ اس آیت کو بار بار پڑھے۔

For comfort and sleepy:Those who feel uncomfort and sleepy does not come to the eyes they fee shuold read the above time are agean.

## ۞..ماں کا دودھ خشک ہو جائے تو یہ عمل کریں..۞

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ فِيْهَا اَنْهَارٌ مِّنْ مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَاَنْهَارٌ مِنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ وَاَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِيْنَ وَاَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى (سورہ محمد)

خاصیت: اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہو گیا ہو اسکے گلے میں ان آیتوں کو لکھ کر ڈالنا اور ان آیتوں کے پانی سے سنوں کو دھونا پھر اس پانی کو محفوظ دیوار پر چھڑکنا نہایت مفید ہے۔

If the mother's milk dried

Viprture: One should write this verse in a paper and hang it in the neck of mother whose milk has been dried. And this verse should be read and blowed in the water then should be

sprinkled on the wall and wash the teats with its water.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......رحمت وشفقت کے لئے......

**یارؤف:** بہت مہربان، نہایت شفیق، یہ اسم جمالی ہے۔

**تاثیر:** جو شخص بکثرت اس نام کو پڑھے گا رحمت وشفقت اس کے دل میں زیادہ ہوگی۔

**خاصیت:** اپنے غصہ کے وقت یا دوسرے شخص کے غصہ کے وقت دس بار اس کو پڑھے اور دس مرتبہ درود شریف تو غصہ کو سکون مل جائے۔

**اہم خاصیت:** جس وقت دلہن رخصت ہوکر خاوند کے سامنے جائے تو سات مرتبہ **یارؤف** پڑھ لے انشاءاللہ خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا اور کبھی ناموافقت نہ ہوگی۔

## For mercy

Those who read this Duwa, whose heart would be full of mercy and grace.

Vertue: If anyone gets angry or sees other into rage he should now this Duwa ten times. Along with he should read Darud shareef ten times.

## ﴿...... برائے اولاد واستقرار حمل ......﴾

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَاماً فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْماً ثُمَّ اَنْشَأْنٰهُ خَلْقاً آخَرَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ (الآية)

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو اس عورت کے لئے زعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالا جائے۔ انشاءاللہ بہت جلد حمل ٹھہرے گا اور ساقط نہ ہوگا۔

آیت کی زکوۃ: سات روز تک سات باوضو ہزار مرتبہ ننگے سر قبلہ رو بیٹھ کر پڑھے۔

ساتوں دن کے وظیفہ کے ختم ہونے کے بعد اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت اپنے گلے میں پہن لے۔

## For child's pregnancy

This verse should be read and written in a piece of paper and should be hangred in the mother's neck, the preagnaney would take place Allah willing.

## ……بہت سارے فوائد کے لئے عمل……

**یا مغنی:** اے بے پرواہ کرنے والا، غنی بنانے والا۔ یہ اسم جمالی ہے۔

**تاثیر:** جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا کسی شخص کو سختی یا مصیبت میں ڈالنا پسند نہ کرے گا۔ نہایت کریم النفس ہو جائے گا خود سارے جہاں سے بے پرواہ ہو گا۔ انشاءاللہ

**خاصیت عامہ:** جو شخص یومیہ ایک ہزار مرتبہ معمول بنائے تو اسے تونگری حاصل ہو۔

**خاصیت خاصہ:** جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کسی جگہ کا پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کر کے اتوار کو ختم کرے پھر دیکھئے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

# For many benifits

Those who read يا رؤف a many a time, Allah would escape from all kinds of big problem Then reader would certainly become a kind person.

thousand times يا مغنى Those who read daily thay would be rich by the grave of Allah Almighty And whose daughter is not married she whould be merried if this duwa he reads thousand times starting from Thursday to Sunday.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# For escaping from grief

سلطان دو جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَاِلَّابِاللّٰہِ" زیادہ پڑھا کرو یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔اس کو پڑھنے سے ہر فکروغم دور ہو جائے گا۔

Our prophet peace be upon him
is the لاحول ولاقوۃ الاباللہ said that
treeasury of pradise. This kalima
solve all kinds of of grief and sorrows.

## For Sadqa e Jaria

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدمی مر گیا تو اس کا عمل بھی ختم ہو گیا، مگر تین قسم کے عمل ایسے ہیں کہ مرنے کے بعد بھی جن کا ثواب ملتا رہتا ہے کبھی ختم نہیں ہوتا۔

(۱) ایک نیک کام جس کا ثواب ہمیشہ جاری رہے۔

(۲) تیسرے دیندار اولاد جو اپنے ماں، باپ کے لئے دعا کرے۔۔۔(۳) وہ علم جس سے لوگوں کو نفع پہنچے۔

The prophet Muhammad peace be upon him said when a man gets demise all his deeds would be evdud except three actions

(1) good actions

(2) pious generation / children

(3)solamic teachings which he left after his death

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

......بیٹی، بیٹے کے رشتہ کے لئے عمل......

For wedding

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَراً فَجَعَلَهُ نَسَباً وَّصِهْراً وَّكَانَ رَبُّكَ قَدِيْراً (الآية)

دس ہزار مرتبہ ۲۱/دن تک اس آیت کو پڑھے۔

This verse should be read ten thousand times for 21 days.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......بچوں کو شرارت سے باز رکھنے کے لیے......

اَللّٰهُ یَجْتَبِیْ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَاءُ وَیَهْدِیْ اِلَیْه مَنْ یَشَاءُ

(سورۂ شوریٰ آیت:۱۳/)

جو لڑکا شرارت کرتا ہو، مسجد مدرسہ سے بھاگتا ہو، والدین کی اطاعت نہ کرتا ہو اس کے مطیع کرنے کے لیے یہ مبارک آیت سات مرتبہ کسی برتن میں لکھ کر اس برتن میں کھانا کھلانا یا پانی پلانا، ۱۱/روز تک یہ عمل کریں بہت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾......رزق میں برکت کے لیے......﴿

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز (سورۂ شوریٰ آیت:۱۹/)

رزق میں برکت کے لیے روزانہ ۵۰۵/مرتبہ مذکورہ آیت پڑھنا، اس پر مداومت کرنا بہت مجرب ومفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾......بچہ کو بولنے کے لیے......﴿

قالوا انطقنا اللہ الذی انطق کل شیٔ وھو خلق کل شیٔ اول مرۃ والیہ ترجعون (سورۂ حم سجدہ آیت:۲۱/)

جب بچہ بولنے کی عمر میں نہ بولے تو اول آخر ۳/۳/مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۲۷/مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وھوالذی ینزل الغیث من بعدماقنطوا وینشر رحمته وھوالولی الحمید(سورۂ شوریٰ آیت:۲۸/ )

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اوراس کا دل اولاد کو چاہتا ہو یا کوئی دولت مند ہومگر وارث نہ ہوتو اس کے لیے آیت شریفہ کا سات سومرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے،ایک سال کے عرصہ میں اولاد اور وارث ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ......

جب پریشانی کا غلبہ ہوتو یہ کلمات بکثرت پڑھے۔

## کشائش رزق کے لیے......

### وافوض امری الی الله(مؤمن)

بعد نماز عشاء ۳۱۲ مرتبہ پڑھنا، غیب سے کشائش رزق کا سامان ہر ایک رنج وغم سے نجات دلاتا ہے۔ اور ہر وقت اس کا ورد کرنا خدا کے فضل سے مرتبۂ ولایت کو پہونچائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......فضیلت "لاالہ الااللہ"......

حضرت ام ہانیؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "کلمہ لاالہ الااللہ ایسی نیکی ہے کہ کوئی عمل اس مرتبہ میں سبقت نہیں کر سکتا، یہ کلمہ پڑھنے والے کے کسی گناہ کو باقی نہیں چھوڑتا" (فیض القدیر، ج/۶ ص:۴۹۴) یعنی اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

## ﴿......فضیلت ''سبحان اللہ و بحمدہ''......﴾

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جو شخص صبح و شام سبحان اللہ و بحمدہ ۱۰۰ر مرتبہ پڑھتا ہے تو کوئی بھی شخص قیامت کے دن اس سے افضل نیکی کر کے لانے والا نہیں ہوسکتا، ہاں! وہ آدمی جو اسی کے مثل یا اس سے زیادہ اسے پڑھ کر آئے''۔

(ترمذی ج/۲ص:۱۸۵)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴿......پاگل پن کا علاج......﴾

صبح و شام تین تین سورۂ فاتحہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے دیوانہ پن ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل تین دن تک لگاتار کیا جائے۔

## ……فضیلت "مُعَوَّذَاتُ" ……

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ہر نماز کے بعد معوذات یعنی چاروقل (سورۂ کافرون، اخلاص، فلق اور ناس) پڑھوں۔ (احمد، ابوداؤد، مشکوٰۃ:۸۹)

ان چاروں سورتوں میں تمام نقصان دہ چیزوں سے اللہ کی پناہ طلب کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ……سورۂ یاسین……

سات روز تک زعفران وگلاب سے لکھ کر روزانہ پئے تو جو سن لے اس کو یاد رہے اور جس سے گفتگو کرے اس پر غالب رہے گا۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## فضیلت "تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر"

حضرت ام ہانیؓ سے مروی ہے، وہ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے قریب سے گذرنے لگے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں عمر رسیدہ اور کمزور ہو چکی ہوں اس لیے مجھے کوئی ایسا عمل بتلا دیں جسے میں بیٹھے بیٹھے کرتی رہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "۱۰۰ ارمرتبہ سبحان اللہ پڑھ لیا کرو، تو ۱۰۰ ارعرب غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ ۱۰۰ ارمرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو، تو اس سے زین اور لگام سے آراستہ ۱۰۰ ارگھوڑے راہ خدا میں مجاہدین کو دینے کا ثواب ملے گا۔ اور ۱۰۰ ارمرتبہ اللہ اکبر کہا کرو، تو ۱۰۰ ارایسی اونٹنیوں کا

ثواب ملے گا جنہیں قربانی کے لیے مکہ پہونچایا جا رہا ہو۔
اور ۱۰۰ ار مرتبہ لاالٰہ اللہ پڑھ لیا کرو، کیوں کہ اس کا ثواب
اتنا ہے کہ زمین و آسمان کے درمیان کا خلاء بھر جائے اور
بروز قیامت کسی کا عمل اس سے عظیم نہیں سمجھا جائے گا الا یہ
کہ کوئی شخص اسی طرح کر کے وہاں پہنچے"۔
(الفتح الربانی، جزو ۱۴ اص: ۲۱۷)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## سورۂ الم نشرح

چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر
انتالیس روز تک پلانا ازالہ نسیان کے لیے بے حد مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ……ہر جوڑ کے بدلے اللہ تعالیٰ کی بڑائی……

حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ”ہر انسان کو ۳۶۰/جوڑ پر پیدا کیا گیا ہے لہٰذا جو شخص اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرے اور حمد الٰہی بجالائے، لا الٰہ الا اللہ پڑھے، اللہ کی پاکی بیان کرے، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے لوگوں کی آمد ورفت کے راستہ سے پتھر یا کانٹا اور ہڈی کو ہٹا دے، بھلی بات کہے اور بری باتوں سے روکے تو بدن کے ۳۶۰/جور کے بدلہ میں کی ہوئی ان نیکیوں کے سبب وہ اس طرح چلتا ہے کہ اپنی ذات کو جہنم سے بالکل دور کیا ہوا ہوتا ہے“۔ (مسلم شریف)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی

اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''سبحان اللہ والا جملہ تمام ہی مخلوقات کی عبادت کا ایک خاص طریقہ ہے، اور الحمدللہ یہ شکریہ کا مخصوص جملہ ہے، اور لا الہ الا اللہ کلمہ اخلاص، اللہ اکبر والا کلمہ آسمان وزمین کے درمیان کے خلاء کو بھر دیتا ہے اور جب بندہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اسلم و استسلم یعنی مسلمان ہوا اور تمام ہی دینی احکام کو تسلیم کیا''۔ (رواہ رزین، مشکوٰۃ: ۲۰۲)

﴿......بسم اللّٰہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمُ......﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کریں، سورج نکلتے وقت جس کو پلایا جائے گا، اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## دماغی کمزوری دور کرنے کے لیے

**سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰی اِلَّا مَاشَاءَ اللّٰہ**

یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کی جائے، یا لکھ کر سر میں باندھ لی جائے تو ان شاءاللہ دماغ کی کمزوری دور ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## سورۂ اخلاص

جو شخص اپنے گھر میں داخل ہونے کے وقت سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرے، تو یہ سورت اس کے گھر والوں اور پڑوسیوں سے فقر و فاقہ کو دور کرے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......مال تجارت میں برکت کے لیے......

بحالت سفر (چار قل اور سورۂ نصر) کے پڑھنے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق مال میں برکت ہوگی اور پڑھنے والا مالدار ہو جائے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ ہر سورہ بسم اللہ سے شروع کرے اور بسم اللہ پر ختم کرے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ۞..اندھے پن، جذام اور برص سے حفاظت..۞

نمازفجر کے بعد "سبحٰن اللہ و الحمدللہ و لاالٰہ الااللہ و اللہ اکبر و لاحول و لاقوۃ الاباللہ " پڑھنے سے آدمی اِن امراض سے محفوظ رہے گا۔

پھر یہ پڑھے "اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَافْضِ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ"۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# فضائل اسمائے حسنیٰ

## ......هو الله الذی لا اله الا هو......

(۱) جمعہ کے دن جمعہ سے پہلے خلت میں پڑھنے سے مقصود آسان ہو جائے گا خواہ کتنا ہی مشکل ہو۔

(۲) ۶۶/ دفعہ لکھ کر دھو کر پلانے سے مریض کو شفا ہوگی، نیز آسیب کا اثر ختم ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......هو الله الرحیم......

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنے سے ایمان سلب نہیں ہوتا اور پڑھنے والا شیطان کے اثر سے محفوظ رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والے کے دل میں ایمان ومعرفت مضبوط ہوجائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......یااللہ یارحمن......

جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک پڑھنے سے ہر جائز دعا قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......الرحمن الرحیم......

ان اسماء کولکھ کر دھو کر پلانے سے گرم بخار سے شفاء ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

(۱) کثرت سے اس کا ورد ایمان پر اقامت اور عزت و شرافت کا باعث ہے۔

(۲) جو کوئی روزانہ ۳ر مرتبہ پڑھے کوئی خوف نہیں رہے گا۔

(۳) اس اسم مبارک کو ۱۱۵ر یا ۱۳۶ر بار پڑھنے والا ہر طرح کے ظلم اور آفات ونقصانات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) فرض نمازوں کے بعد ۳۶ر بار پڑھنا جان و مال کی حفاظت کا باعث ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......السلام سلامتی والا......

(۱) نماز فجر کے بعد ہزار مرتبہ پڑھنے سے علم میں زیادتی ہوگی۔

(۲) ۱۱۵/ ۱۳۱/ ۱۶۱ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے شفاء حاصل ہوتی ہے۔

(۳) کثرت سے اس کا ورد رکھنے والا دشمن اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......الرحمن......

اسم الٰہی الرحمٰن ہر نماز کے بعد سو بار پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہوگا۔

(۱) جو شخص باوضو اس کا ورد رکھے مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا اور مشکلیں آسان ہو گی۔

(۲) ۱۳۴ / مرتبہ پڑھنے والے پر آثار صمدنی ظاہر ہوں اور وہ کبھی بھوکا نہ رہے۔

(۳) جو اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھے دشمن پر فتح پائے۔

(۴) **یاصمد** بکثرت پڑھنے سے فالج، لقوہ اور ایکسیڈنٹ وغیرہ سے حفاظت ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

### ……یارحمن یارحیم یاھادی……

کسی بھی ایک نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھنے سے دن بھر گناہوں سے حفاظت ہوتی ہے اور ہدایت ملتی ہے، حتی کہ پیر فقیر حضرت مولانا ذوالفقار احمد دامت برکاتہم نے ایک مجلس میں فرمایا کہ اگر غیر مسلم دس دن اس کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ ایمان کی دولت سے نواز دیں گے۔

(انہوں نے ایسا ایک واقعہ بھی بیان فرمایا ہے)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

31

## ......الواجد پانا اور غنی ہونا......

(۱) کھانے کے وقت یا واجد کا ورد رکھنے سے غذا قلب کی طاقت اور نورانیت کا باعث ہے۔

(۲) بکثرت ورد رکھنا مالداری، ظلم سے نجات اور دل کے غنا کا باعث ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ......البصیر دیکھنے والا......

اس اسم پاک چینی کی تشتری پر سو مرتبہ لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر جس کو پلائے گا اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ﴾......الباقی ہمیشہ باقی رہنے والا......﴿

(۱) جو شخص سورج نکلنے سے پہلے روزانہ سو بار پڑھے ان شاء اللہ مرتے دم تک کوئی دکھ نہ پائے گا اور آخرت میں بخشا جائے گا۔

(۲) جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد ۱۱۳ر مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے، اس کو کوئی بھی اس کے منصب سے معزول نہ کر سکے گا۔

(۳) جو ۱۰۰ر بار پڑھتا رہے گا اس کے اعمال مقبول ہوں گے، ان شاء اللہ۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

(۱) کشتی یا سواری پر سوار ہونے کے بعد کثرت سے النافع کا ورد رکھنے والا ہر طرح کی آفات سے محفوظ

(۲) کسی کام کے شروع میں اکتالیس مرتبہ یانافع پڑھنے سے حسب منشا کام ہوگا۔

(۳) بیوی سے جماع کے پہلے یانافع پڑھنے سے اولاد صالح پیدا ہوگی۔

(۴) اس کا ورد رکھنے والا سفر حج سے بخیر وعافیت واپس آئے گا۔

# ہفتہ کے اعمال

| ایام | اعمال مع فضائل وفوائد |
|---|---|
| جمعہ کے دن | ۱۰۰/دفعہ اللّٰہُ پڑھنے سے تنگی دور ہوتی ہے |
| سنیچر کے دن | ۱۰۰/دفعہ "لاالہ الااللہ" پڑھنے سے رنج وغم دور ہوتا ہے |
| اتوار کے دن | ۱۰۰/دفعہ "یاحی یاقیوم" پڑھنے سے غیب سے روزی ملتی ہے |
| پیر کے دن | ۱۰۰/دفعہ "درود شریف" پڑھنے سے مقبولیت حاصل ہوتی ہے |
| منگل کے دن | ۱۰۰/دفعہ "استغفر اللہ" پڑھنے سے بلائیں ٹلتی ہیں |
| بدھ کے دن | ۱۰۰/دفعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنے سے عذاب قبر سے نجات ہوتی ہے |
| جمعرات کے دن | ۱۰۰/دفعہ "لاالہ الااللہ الملك الحق المبين" پڑھنے سے تونگری آتی ہے |